چہرے پر لگانے والی کچھ کریمیں بچوں کے لیے زہر ہو سکتی ہیں

پارہ ایک زہر ہے۔ آپ اسے اپنے ہاتھوں سے اپنے پورے گھر میں پھیلا سکتے ہیں۔ یہ لوگوں کے جسموں میں داخل ہو جاتا ہے۔ یہ خاص طور پر بچوں اور حاملہ خواتین کے لیے نقصان دہ ہے۔

" میرا بھانجا بیمار تھا۔ ڈاکٹر کے پاس، ٹیسٹوں میں ظاہر ہوا کہ اس کی پارے کی سطح بلند تھی۔ میری بہن گہرے داغوں سے چھٹکارا پانے کے لیے چہرے پر لگانے والی کریم استعمال کر رہی تھی۔ اسے نہیں پتہ تھا کہ اس میں پارہ ہے۔ اس کے بچے میں زہر چلا گیا تھا کیونکہ وہ اپنے چہرے پر کریم لگانے کے بعد اسے گود میں اٹھا لیتی تھی۔"– عدیلہ ".

اگلے صفحے پر دکھائی گئی کریموں میں پارہ ہوتا ہے۔

مت استعمال کریں:

- اگلے صفحے پر دکھائی گئی کریمیں
- امریکہ سے باہر کی کوئی بھی چہرے پر لگانے والی کریم "جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ "رنگ گورا کرنے، یا "رنگت نکھارنے" یا جھریوں، عمر کے نشانات چھائیوں، چہرے کے دانوں، یا دیگر داغ دھبوں سے نجات کے لیے استعمال ہوتی ہے
- اس ویب پیج پر دی گئی کوئی بھی کریم: bit.ly/TestedCreams4Mercury
- چہرے پر لگانے والی کوئی بھی کریم جو انٹرنیٹ سے، کسی فرد سے، ایک لنڈا بازار سے یا کسی کھوکے سے، یا جنوبی ایشیاء سے لائی گئی مصنوعات فروخت کرنے والی خاص دکان سے خریدی گئی ہو، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ کسی نے ان جگہوں پر فروخت کرنے سے قبل ان میں پارہ شامل کر دیا ہو۔ چہرے پر لگانے والی کریمیں صرف Target یا Walgreens مشہور، چین سٹوروں جیسے کہ سے خریدیں
- بغیر لیبل والی ڈبیوں میں یا گھر کے چھپے ہوئے لیبل والی ڈبیوں میں ڈالی گئی کریمیں

که چېرې تاسي هغه کريم استعمالوئ چې په راتلونکي پاڼه کې ښودل شوي:

اپنے خون اور پیشاب کا پارے کے لیے ٹیسٹ کروائیں

تشریف لے جائیں اپنے ڈاکٹر کے پاس اور یہ دستی پرچہ اور اپنی کریمیں ساتھ لے جائیں

روک دیں ان کریموں کو استعمال کرنا

مفت طبی مشورے کے لیے ، Poison Control کو 1 -800 -222 -1222 پر کال کریں
اگر آپ کے پاس اگلے صفحے پر دکھائی گئی کوئی کریم ہے ، تو اسے ایک مہر بند تھیلی میں ڈالیں اور رابطہ کریں **(510) 981-4354** پر یا AskEHIB@cdph.ca.gov پر

CDPH California Department of Public Health

!خبردار: استعمال نہ کریں
ان کریموں مینپارہ شامل ہے

یہ کریمیں انٹرنیٹ پر پائی گئی تھیں، یا ایک فرد سے، ایک لنڈے بازار سے یا کھوکھے سے، یا جنوبی ایشیاء کی مصنوعات فروخت کرنے والی خاص دکان سے خریدی گئی تھیں- چہرے پر لگانے والی کریمیں صرف مشہور، چین سٹوروں سے خریدیں

پارے والی کریمیں—–دیگر ممالک کی بیوٹی کریمیں

پارے والی کریمیں—–بغیر لیبل کے یا گھر کا بنا ہوا لیبل

کیلیفورنیا کا محکمہ صحت عامہ

ماحولیاتی صحت کی تفتیش برانچ ، صحت مند گھروں اور برادریوں کا پروجیکٹ